60

میوزک ۔ سردار ملک

فلمستان لمیٹڈ کا تیار کردہ

आबे हयात

fair.

151

انجان

ستارے

ششی کلا ۔ نیتا ۔ حلیم ناظم ۔ سمر انبواسی

پران ۔ مبارک ۔ امینا

ایس ۔ ایل ۔ پوری

قیمت ۱ر

زین اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

آبِ حیات کے گانے

گانا نمبر ١

میں غریبوں کا دل ہوں وطن کی زباں
بیکسوں کے لئے پیار کا آسماں
میں جو گاتا چلوں ساتھ محفل چلے
میں جو بڑھتا چلوں ساتھ منزل چلے
مجھ سے راہیں دکھاتی چلیں بجلیاں
حُسن بھی دیکھکر مجھ کو حیران ہے ۔ دیکھو حیران ہے
عشق کو مجھ سے ملنے کا ارمان ہے ۔ دیکھو ارمان ہے
یہی دنیا کا ہوں میں حسین نوجوان ۔ میں غریبوں...
کارواں زندگانی کا رکتا نہیں
دشمنوں کے آگے بھی جھکتا نہیں ۔ میں تو جھکتا نہیں
چاند تاروں سے آگے میرا آشیاں
میں غریبوں کا دل ہوں وطن کی زباں
بیکسوں کے لئے پیار کا آسماں

گانا نمبر ٢

نشہ پیالے کا گہرا تو سب کو آتا ہے
مزا تو جب ہے گرتوں کو تھام لے ساقی
تو نے پلائی ایسی نظروں کے جام سے
دل گیا جان گئی ہم بھی گئے کام سے
دل نے دیکھیں لاکھوں ہی نظریں

بس تیری نظریں ہی رہیں میری نظریں
دین بھی کھویا دنیا بھی کھوئی
اپنی خبر ہے نہ دل کی خبر ہے
مٹ گئے مٹ گئے تیرے ہی نام سے

گانا نمبر ۳

مارا مارا مارا رے مارا۔ آنکھیں کٹار دیکھو میرے دلبر
تیرا دل کی آنکھ مارا۔ دل والا سامنے آ گئے
وہ باتیں ہم سے کر جائے۔ مارا رے مارا رے وہ مارا
میرے حضور میرے سینے سے دور پھر میرے بیچ میں مارا
او نوجوان متوالے۔ دل کو سنبھال دل والے
مارا ایسی چال رنگین کا جال۔ کرے دل میں درد پیارا
آنکھیں بچا کے دل لوٹوں۔ سبھی سے بچ کے میں لوٹوں
چھوٹوں تو آگ بجھائیں تو آگ۔ یہ بات بھی جان مارا
مارا رے . . . . .

گانا نمبر ۴

نگاہیں جلیں اور تم مسکرائے آشنا ہو سلے
محبت ہنسی اور ہم ڈگمگائے
صنم تم نہ سمجھے نظر کے اشارے
نظر کہہ رہی ہے کہ ہم ہیں تمہارے
کہاں جا رہے ہو جی دل کو مجھ لے کے ۔ لگا ہیں
میں کیسے چھپاؤں لگن پیاری پیاری
لگن میٹھی میٹھی چبن پیاری پیاری

تڑپتی ہوں میں آرزو میں چھپائے ـــ نگاہیں...
یہ کیسی لگن ہے یہ کیا بیکلی ہے
اری او ہوا ! نہیں کہاں سے چلی ہے
کسی طرح تو میرے بس میں تو آئے ـــ نگاہیں...

گانا نمبر ۵

ناچوں رے گاؤں رے جھوموں صنم آشنا ہو سے
میں تو جھوموں تیرے پیار میں
لے رہا ہے یہ دل انگڑائیاں
نہیں بھاتیں ہیں یہ تنہائیاں
لگے میری زندگی اُلفت بھری
بہک جاؤں میں تیرے پیار میں
یاد کرتا ہوں تجھ کو صبح سے
جیتی جاتی ہوں تیرے نام سے
ہو چکے تیرے ہم تجھ سے کیسی شرم
کھوئی جاؤں تیرے پیار میں ـــ ناچوں رے...
میری آنکھوں میں اب تیری روشنی
میرے ہونٹوں پہ اب تیری راگنی
آج لکھیں اُمنگ چاند تاروں کے سنگ
گو لیا دل کے ہر تار میں ـــ ناچوں رے...

گانا نمبر ۶

آ جا ہے تیرا انتظار پھر کہاں یہ بہار
شمع جلے ایک بار عشق جلے بار بار

اک جاں میری اور لاکھ ستم
ہائے آجا صنم اک ....
ٹوٹا ستارہ دیکھو وہی انجام میرا
نظروں سے دور مسافر نے لے سلام میرا
دل سے بھلانہ مجھے میری قسم تجھے کرنا نہ غم
اک جان ..
بچھڑے جی جان دیکھے تیری جُدائی رہے
آؤ گے جب خاک میری کوچے میں تیرے آئے
آنکھوں سے لگا لینا دامن میں چھپا لینا - تجھ کو قسم ...
اک جان ..

گانا نمبر ۵

میرا دِل میری جان چاہے لے لے گیتا رائے
اک پیار ذرا سا دیدے
انمول خوشی کی لڑیاں
مشکل سے ملی یہ گھڑیاں
دو روز کے یہ افسانے
کل ہوگا کیا نہیں جانے
مہرباں تو جہاں یہ سماں پھر کہاں
جانِ من میرا ان البیلے
تو جھوم کے ہاں جی کہدے
یہ رات کا پھیلا دامن
ہر تارا دِل کی دھڑکن

ناساز محبت مانگوں

مَیں تجھ سے محبت مانگوں — میرا دِل۔۔
چاندنی رات ہے تو میرے ساتھ ہے
یہ جہاں ہے تیرا دِل والے

قدموں میں جگہ ہی دیدے
میرا دِل میری جاں چاہے لے لے
گانا ہے
جھک جائے نظر شرمائے
کچھ بھی کہا نہ جائے منہ سے کچھ بھی
میں نے سجا دی پیار کی دُنیا
اُلفت کے اقرار کی دُنیا

کیوں نہ اُن پہ جان لُٹا دوں
آج ملی ہے بہار کی دُنیا
ہوش کہاں ہے چاند یہاں ہے
کچھ بھی۔۔

مَیں تو کیوں یہ جادو گر ہے
دِل بھی کہے اُلفت کا اثر ہے
کس کی مانوں رے باتیں کس کی مانوں
تو یہ

کہنا بھی مشکل رہنا بھی مشکل
کچھ بھی۔۔
جب وہ ہمارے سامنے آئیں

نظریں دامن چومنا چاہیں
دِل کی باتیں دِل میں ہی چھُپ میں
ہونٹوں کی کلیاں مسکائیں
میں شرماؤں چھُپ چھُپ جاؤں
کچھ بھی

گانا نمبر ۹

آگ کو برباد کرنے کے لیئے
عشق نِکلا گھر سے مرنے کیلئے
اور نغمہ گا رہی ہے بے خودی
موت ہے آبِ حیاتِ زندگی
اے دِلِ ناشاد تیرا شکریہ
کر دیا برباد تیرا شکریہ
اِک تیری یاد کی تصویر دِل میں لے چلے
اِس کے بدلے دیکھ تجھکو ساری دُنیا دے چلے
پھر بھی ہے دِل شاد کہتی ہے وفا
کر دیا برباد...
میں جہاں ہوں اور تم میرے صنم روتا نہیں
یاد سے میری کبھی بے چین تم ہوتا نہیں
تو رہے آباد بس اتنی دُعا
کر دیا برباد..
ختم شد